## 19 فروری کو باغ جناح کراچی میں ایم کیو ایم کے زیراہتمام خواتین کا جلسہ عام منعقد ہوگا۔الطاف حسین کا اعلان

## یہ جلسہ عام ملک کی تاریخ میں ہونے والے خواتین کے تمام جلسوں کا ریکارڈ توڑ دے گا اور سیاست میں ایک نئی تاریخ رقم کرے گا۔الطاف حسین

## شعبہ ءخواتین کی کارکنان اوراے پی ایم ایس او کی طالبات بھرپور انداز میں جلسہ عام کی تیاریاں شروع کردیں

## کراچی سمیت ملک بھر کی تمام قومیتوں اور مذاہب سے تعلق رکھنے والی خواتین جلسہ عام کو تاریخی بنائیں

## ایم کیو ایم کی جدوجہد میں خواتین کا جوجراتمندانہ کردار رہا ہے اس کی کوئی مثال نہیں ملتی

## ایم کیو ایم کے تمام سیکٹروں، زونوں اور صوبوں کے ذمہ داران اپنی کمریں کس لیں۔نائن زیرو پر شعبہ خواتین کے اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔ 9 فروری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اعلان کیا ہے کہ اتوار 19 فروری کو باغ جناح کراچی میں ایم کیو ایم کے زیراہتمام خواتین کا جلسہ عام منعقد ہوگا جو ملک کی تاریخ میں ہونے والے خواتین کے تمام جلسوں کا ریکارڈ توڑ دے گا اور پاکستان کی سیاست میں ایک نئی تاریخ رقم کرے گا۔اس بات کا اعلان انہوں نے آج ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر شعبہ خواتین کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ 1978ء میں تحریک کی ابتداء سے لیکر آج کے دن تک ایم کیو ایم کی جدوجہد میں خواتین کا جوجراتمندانہ کردار رہا ہے اس کی کوئی مثال نہیں ملتی۔تحریک کی 35 سالہ جدوجہد کے دوران کڑی آزمائشیں، اعصاب شکن اور دل ہلا دینے والے المناک حالات آئے۔ایسے وقت میں جبکہ ایم کیو ایم کے نوجوانوں کا چلنا پھرنا اور ایم کیو ایم کا پرچم تھامنا بہت بڑا گناہ اور جرم بنا دیا گیا تھا۔ایسے وقت میں ہماری ماؤں بہنوں نے میدان میں آکر ایم کیو ایم کے پرچم کو بلند رکھا، نائن زیرو کو کھولا اور اپنے بھائیوں، بیٹوں اور مردوں کی شہادت کے باوجود حوصلہ نہیں ہارا، اپنے جوانوں کے جنازوں کو کاندھے دیے، ان کی تدفین کی، ریاستی مظالم پر صدائے احتجاج بلند کرنے کی پاداش میں انہیں گھوڑوں کی ٹاپوں تلے روندا گیا، جیلوں میں قید کرکے اذیتیں دی گئی مگر تمام تر مصائب کے باوجود ایم کیو ایم کی خواتین نے نہ صرف جرات وہمت سے کام لیا بلکہ تحریک کے مشن ومقصد کو جاری رکھا۔انہوں نے اسلامی تاریخ میں ہونے والی جنگوں اور میدان کربلا میں کڑے امتحانات کے موقع پر بے مثال عزم وہمت کا مظاہرہ کرنے والی مجاہد خواتین کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے ہر موقع پر صدائے حق بلند کی۔میں ایسی پرعزم اور بہادر ماؤں بہنوں کو سلام پیش کرتا ہوں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیو ایم کی خواتین نے تحریک کی جدوجہد میں جراتمندانہ کردار ادا کیا ہے اور اب وہ 19 فروری کو باغ جناح کراچی میں مزار قائداعظم کے سامنے تاریخی جلسہ منعقد کرکے سیاسی جدوجہد میں ایک نئی تاریخ رقم کریں گی اور ثابت کردیں گی کہ وہ مردوں سے کسی طرح کم نہیں۔انہوں نے کہا کہ آج کل ملک میں جلسوں کے بڑے بڑے جمعہ بازار لگ رہے ہیں، 19 فروری کو ایم کیو ایم کی شعبہ ءخواتین کا جلسہ عام ملک میں ہونے والے تمام جلسوں کا ریکارڈ توڑ دے گا اور انشاء اللہ اب تک ہونے والے تمام جلسوں سے بڑا ثابت ہوگا۔جناب الطاف حسین نے پاکستان بھر خصوصاً کراچی میں رہنے والی تمام قومیتوں اور مذاہب سے تعلق رکھنے والی خواتین سے اپیل کی کہ وہ اس جلسہ عام کو تاریخی بنائیں اور ثابت کردیں کہ تمام نسلی ولسانی اور مذہبی اکائیوں کے عوام ایک ہیں اور وہ پاکستان کو قائداعظم کی خواہشات اور امنگوں کا پاکستان بنائیں گی۔19 فروری کے روز بانیءپاکستان قائداعظم محمد علی جناح، خان لیاقت علی خان، محترمہ فاطمہ جناح اور تحریک پاکستان کے شہیدوں اور ایم کیو ایم کی جدوجہد میں اپنی جانیں قربان کرنے والے شہیدوں کی روحیں خوش ہوں گی۔انہوں نے ایم کیو ایم شعبہ ءخواتین اوراے پی ایم ایس اوشعبہ طالبات کی تمام کارکنوں سے کہا کہ وہ بھرپور انداز میں جلسہ عام کی تیاریاں شروع کردیں اور اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں۔انہوں نے ایم کیو ایم کے تمام سیکٹروں، زونوں اور تمام صوبوں کے ذمہ داروں کو ہدایت کی کہ وہ شعبہ ءخواتین کے تاریخی جلسہ عام کے انعقاد کیلئے اپنی کمریں کس لیں۔اس موقع پر ایم کیو ایم شعبہ ءخواتین کی تمام ارکان نے جلسہ عام کے اعلان پر دلی مسرت کا اظہار کیا اور جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ وہ اس جلسہ عام کیلئے گھر گھر رابطے کریں گی اور اس جلسہ عام کو تاریخی بنائیں گی۔

## انٹرنیشنل سینٹر فار جرنلسٹ (ICFJ) کے زیر اہتمام امریکی صحافیوں پر مشتمل ایک 13 رکنی وفد کی نائن زیرو آمد، رابطہ کمیٹی سے ملاقات

## امریکی صحافیوں کے وفد کو رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے میڈیا سینٹر، خورشید بیگم سیکریٹریٹ، یادگار شہداء حق اور مختلف شعبہ جات کا دورہ

کراچی:۔۔۔۔9 فروری 2012ء

انٹرنیشنل سینٹر فار جرنلسٹ (ICFJ) کے زیر اہتمام امریکی صحافیوں پر مشتمل ایک 13 رکنی وفد نے گزشتہ روز ایم کیوایم کے مرکز وقائد تحریک جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ المعروف نائن زیرو عزیز آباد کا تفصیلی دورہ کیا اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان مصطفیٰ کمال، محترمہ نسرین جلیل، رضا ہارون، ڈاکٹر صغیر احمد، گلفراز خان خٹک، واسع جلیل اور سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کے رکن عمر خان علی شیرزئی سے ملاقات کرکے تبادلہ خیال کیا۔ صحافیوں کے وفد کی سربراہی (ICFJ) اور مشعل کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عامر جہانگیر کررہے تھے وفد کو رابطہ کمیٹی رکن اور شعبہ اطلاعات کے انچارج واسع جلیل نے نائن زیرو آمد پر خوش آمدید کہا۔ اس موقع پر حق پرست صوبائی وزیر فیصل سبزواری، خواجہ اظہار الحسن اور مرکزی شعبہ اطلاعات کے ذمہ داران قمر منصور اور امین الحق بھی موجود تھے۔ ملاقات انتہائی خوشگوار ماحول میں دو گھنٹہ سے زائد جاری رہی جس میں امریکہ اور پاکستان میں میڈیا سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اور صحافیوں کو درپیش مسائل کے حل اور آزاد میڈیا کے مثبت کردار پر زور دیا گیا۔ اس دورہ خاص کا مقصد قائد تحریک جناب الطاف حسین کی سیاسی جدوجہد، ایم کیوایم کا سیاست میں کردار اور ایم کیوایم کے میڈیا سینٹر کے بارے میں آگاہی حاصل کرنا تھا۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے مہمان صحافیوں سے گفتگو میں کہا کہ ایم کیوایم ملک کی واحد جماعت ہے جو غریب ومتوسط طبقے سے ابھر کر آئی ہے اوران کی نمائندگی کررہی ہے۔ انہوں نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفے، ایم کیوایم کے قیام کے اغراض ومقاصد، اس کی عملی وتاریخی جدوجہد، منشور اور جمہوریت کے فروغ کیلئے ایم کیوایم کے عملی کردار سمیت عوام میں بڑھتی ہوئی مقبولیت سے آگاہ کیا۔ بعدازاں امریکی صحافیوں کے وفد کو رابطہ کمیٹی کے ہمراہ ایم کیوایم کے میڈیا سینٹر، خورشید بیگم سیکریٹریٹ، یادگار شہداء حق اور ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی دورہ بھی کرایا گیا۔ اس موقع پر صحافیوں کے وفد کو ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی زندگی پر مبنی کتاب ''پکٹوریل بائیوگرافی آف الطاف حسین'' پیش کی گئی۔ اس سے قبل مہمان صحافیوں کا وفد ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پہنچا تو رابطہ کمیٹی کے ارکان اور منتخب حق پرست عوامی نمائندوں نے قائد تحریک جناب االطاف حسین کی جانب سے خیر مقدم کرتے ہوئے گلدستہ پیش کیا۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے تحت صوبہ پنجاب، خیبر پختونخواہ، بلوچستان، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر سمیت ملک بھر میں رکنیت سازی مہم کا اغاز کردیا گیا

## عوام ایم کیوایم کے تحت رکنیت سازی مہم میں بھرپور حصہ لیں، رابطہ کمیٹی

## ملک میں حقیقی اور صحیح معنوں میں تبدیلی کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ہاتھ مضبوط کریں

## حق پرستی کی جدوجہد میں شامل ہوکر ملک کے غریب متوسط طبقہ کے عوام کے حقوق کے حصول کیلئے اپنا عملی کردار ادا کریں

کراچی۔۔9 فروری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت پورے جوش وجذبے کے ساتھ پاکستان بھر میں رکنیت سازی مہم کا آغاز کردیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں کراچی سمیت صوبہ سندھ، پنجاب، بلوچستان، خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان، شمالی وقبائلی علاقہ جات اور آزادکشمیر میں رکنیت سازی کیلئے کیمپس قائم کردیئے گئے ہیں جہاں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین، حق پرست وزراء، ارکان سینیٹ، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، ایم کیوایم کے مختلف سیکٹر و یونٹس کے ذمہ داران وکارکنان عوام کی رہنمائی کیلئے موجود ہیں اور رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں فارم پُر اور تقسیم کررہے ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ ملک میں حقیقی اور صحیح معنوں میں تبدیلی کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ہاتھ مضبوط کریں اور حق پرستی کی جدوجہد میں شامل ہوکر ملک کے غریب متوسط طبقہ کے عوام کے حقوق کے حصول کیلئے اپنا عملی کردار ادا کریں کیونکہ متوسط و غریب طبقے سے تعلق رکھنے والے لوگ ہی مسائل سے آشنا ہوتے ہیں اوران کو حل کرسکتے ہیں۔

## ایم کیوایم کے تحت بروز ہفتہ 11 فروری کو محفل میلاد النبیؐ کا انعقاد کیا جائیگا

## محفل میلادؐ میں بین الاقوامی شہرت یافتہ نعت وثناء خواں بارگاہ رسالتؐ میں گلہائے عقیدت پیش کریں گے، نامور ذاکرین سیرت طیبہؐ پر روشنی ڈالیں گے

## حق پرست عوام محفل میلاد النبیؐ میں زیادہ سے زیادہ شرکت کریں، رابطہ کمیٹی کی عوام سے اپیل

کراچی:۔۔۔9فروری2012ء

ربیع الاوّل کے مبارک مہینے میں ہرسال کی طرح امسال بھی متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام 11فروری بروز ہفتہ بمطابق ۱۶ربیع الاوّل بعدنمازعشاء جناح گراؤنڈعزیزآباد میں محفل میلادالنبیؐ منعقدکی جائیگی جس میں ملکی وبین الاقوامی شہرت یافتہ معروف نعت وثناء خواں بارگاہ رسالتؐ میں گلہائے عقیدت پیش کریں گے اورناموزذاکرین سیرت طیبہ پرروشنی ڈالیں گے۔اس موقع پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان،منتخب حق پرست عوامی نمائندے اوردیگر ذمہ داران بھی موجودہونگے۔محفل میلادالنبیؐ کے سلسلے میں ایم کیوایم کی جانب سے تیاریوں کا سلسلہ زوروشور سے جاری ہے۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے حق پرست عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ میلادالنبیؐ کی رنگ ونور کی محفل میں زیادہ سے زیادہ شرکت کریں۔

## ایم کیوایم کے سینئر کارکن محمد احمد خان کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہارتعزیت

لندن۔۔۔9فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم سرجانی سیکٹر یونٹ 4 کے بزرگ کارکن محمد احمد خان کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اورکہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ مرحوم کو اپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورلواحقین کوصبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی:۔۔۔9فروری2012ء

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی،گلشن ٹاؤن سیکٹر یونٹ 2 کے کارکن محمد سلمان کے والد محمد فاروق خان،سرجانی سیکٹر یونٹ 4ایلڈرونگ کے کارکن محمد احمد خان اور ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے پڑوسی محمد عمران کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں اراکین رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اورسوگوارولواحقین کوصبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

## ممتاز عالم دین الحاج رمضان چشتیؒ المعروف ملنگ بابا کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔9؍فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حیدرآباد سے تعلق رکھنے والے ممتاز عالم دین الحاج رمضان چشتیؒ المعروف ملنگ بابا کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے رمضان چشتی مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین،مریدوں اورعقیدت مندوں سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اورکہا کہ مجھ سمیت پوری ایم کیوایم دکھ اورافسوس کی اس گھڑی میں آپ کے ساتھ ہیں۔جناب الطاف حسین نے رمضان چشتیؒ کوخراج تحسین پیش کیا اورکہا کہ مرحوم کی دینی خدمات کو ہمیشہ یادرکھا جائے ان کے انتقال سے ملت اسلامیہ کا ایک روشن باب بند ہوگیا۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ رمضان چشتی مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورتمام سوگوارلواحقین،مریدوں اورعقیدت مندوں کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## کراچی کی ترقی کے لیے آدمجی جیسے تعلیمی ادارے جبکہ پاکستان کی ترقی کے لیے کراچی کی طرز پر مزید شہر بنانے ہونگے۔ڈاکٹر صغیر احمد

## قائد تحریک کی خصوصی ہدایت اور کالج کی تمام فیکلٹیز میں اول،دوم اور سوم پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ کو اسکالرشپ فراہم کرنے کا اعلان۔

## اے پی ایم ایس او کے تحت آدمجی گورنمنٹ سائنس کالج میں منعقدہ تقریب تقسیمِ انعامات سے ڈاکٹر صغیر،خواجہ اظہار الحسن و دیگر کا خطاب

کراچی۔۔۔9فروری2012

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیر صحت ڈاکٹر صغیر احمد نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فلسفہ ہے کہ علم سب کے لیے،اے پی ایم ایس او بھی اسی فلسفے کو آگے بڑھاتے ہوئے اہلِ علم کو یکساں تعلیمی مواقع فراہم کرنے اور انکی صلاحیتوں کو ملک وقوم کی ترقی کے لیے بروئے کار لانے کے لیے کوشاں ہیں۔ان خیالات کا اظہار انھوں اے پی ایم ایس او کے تحت آدمجی گورنمنٹ سائنس کالج میں ثانوی جماعت کے امتحانات میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والے طلبہ کے اعزاز میں منعقدہ تقریب تقسیمِ انعامات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر حق پرست رکن سندھ اسمبلی خواجہ اظہار الحسن،ڈائریکٹر جنرل کالجز سندھ پروفیسر ڈاکٹر ناصر انصر،پرنسپل آدمجی گورنمنٹ سائنس کالج پروفیسر اے بی اعوان،اے پی ایم ایس او کے مرکزی نشر واشاعت سیکریٹری شبیر علی بابر،اراکین مرکزی کابینہ شہباز غوری،احمر فلسطینی،اساتذہ کرام اور امتحانات میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والے طلبہ سمیت طلبہ اور انکے والدین کی بڑی تعداد موجود تھی۔تقریب کے مہمانِ خصوصی ڈاکٹر صغیر احمد نے آدمجی گورنمنٹ سائنس کالج کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ اس ملک کے فرسودہ کرپٹ کلچر کو ختم کرنے اور تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے جس طرح محض ایک آدمجی سے کام نہیں چلے گا اسی طرح اب ہمیں یہ بھی سوچنا ہوگا کہ صرف ایک کراچی کے ہونے سے ملک ترقی نہیں کرے گا،یہ ایک قوی حقیقت ہے کہ کراچی اس ملک کا معاشی حب،میٹروپولیٹن شہر اور پاکستان کا تقریباً70 فیصد ریونیو جمع کرانے والا شہر ہے لیکن اب ہمیں دیگر شہروں کو بھی کراچی کی طرح مثالی بنانا ہوگا اور اپنے تعلیمی اداروں کو بھی جدید علمی خطوط پر استوار کرنا ہوگا۔انھوں نے کہا کہ ہمیں یہ بھی سوچنے کی ضرورت ہے کہ اسی شہر میں کچھ اساتذہ ایسے بھی ہیں جو اپنے متعلقہ سرکاری تعلیمی اداروں میں خصوصی توجہ اور وقت دینے کے بجائے نجی تعلیمی اداروں میں اضافی فیس وصول کر کے اضافی خدمات فراہم کر رہے جس سے ایلیٹ کلاس سے تعلق رکھنے والے طلبہ ہی مستفید جبکہ سرکاری تعلیمی اداروں کے بچے متاثر ہو رہے ہیں۔انھوں نے حاضرین کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ اپنے کارکنان کو سچ بولنے کی تلقین کی ہے اور آج اس تقریب کے توسط سے جو باتیں انھوں نے کہی ہیں وہ یقیناً تلخ ہوسکتی ہیں لیکن حقیقت پر مبنی ہیں،اے پی ایم ایس او اور ایم کیو ایم کا بنیادی مقصد ہے کہ لوگوں کو سچ بتایا جائے کہ ہمارے ساتھ کیا مزاق ہو رہا ہے۔انھوں نے اے پی ایم ایس او اور آدمجی کالج کی انتظامیہ کو تقریب کے کامیاب انعقاد پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے پوزیشن ہولڈر طلبہ اور انکے والدین کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔بعد ازاں انھوں نیقائد تحریک جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت اور اے پی ایم ایس او کے توسط سے تمام فیکلٹیز میں اول،دوم اور سوم پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ کو اسکالرشپ فراہم کرنے کا بھی اعلان کیا اور انعامات تقسیم کیے۔قبل ازیں وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر خواجہ اظہار الحسن نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب لطاف حسین نے کہا ہے کہ جس قوم کے پاس وراثت میں تعلیم ہوتی ہے اس قوم کے لوگ کسی بھی میدان میں مات نہیں کھا سکتے،آج جہاں بھی متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست نمائندگان موجود ہیں تو وہ صرف اس لیے کہ وہ علم کے زیور سے آراستہ ہیں۔انھوں نے حاضرین کو بتایا کہ وہ متوسط طبقے سے تعلق رکھتے ہیں اور آدمجی گورنمنٹ سائنس کالج کے ہی طالبعلم رہ چکے ہیں لیکن آج وہ جس عہدے پر موجود ہیں تو اس کی بنیادی وجہ یہ کہ انھوں نے اپنی تعلیم زکوۃ فنڈ سے مکمل کی جو کہ اے پی ایم ایس او کے بغیر ناممکن تھی۔انھوں نے نمایاں کامیابی حاصل کرنے والے طلباء کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے انھیں تلقین کی کہ وہ اس ملک وقوم کا فخر ہیں لیکن اب انھیں بہت سنبھل کر معاشرے میں اپنی اہمیت بنانی ہے اور مشترکہ جدوجہد سے پاکستان کو مزید ترقی کی بلندیوں پر لے کر جانا ہے۔تقریب سے ڈائریکٹر جنرل کالجز سندھ پروفیسر ڈاکٹر ناصر انصر اور پرنسپل کالج پروفیسر اے بی اعوان نے بھی خطاب کیا جبکہ اس موقع پر کالج کے طلبہ نے خصوصی ٹیبلوز،نغمے اور نعتِ رسولِ مقبول ﷺ بھی پیش کیے گئے۔

## قائد تحریک جناب الطاف حسین نے اس ملک کی مظلوم عوام کو ایک پرچم تلے متحد کر دیا ہے، محمد شریف
## متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں پہلے روز ایم کیو ایم حیدرآباد زون کے زیر اہتمام کوہ نور چوک پر کیمپ کا انعقاد
## رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں حیدرآباد میں کارکنان و حق پرست عوام میں زبردست گہما گہمی

حیدرآباد۔۔۔09 فروری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں پہلے روز متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے زیر اہتمام کوہ نور چوک پر کیمپ کا انعقاد کیا گیا کیمپ پر رکنیت حاصل کرنے والے بزرگوں و نوجوانوں کی ہزاروں لمبی لمبی قطاریں لگی ہوئی تھیں اور انہوں نے رکنیت سازی مہم کے فارم پر کر کے ایم کیو ایم میں اپنی شمولیت اختیار کی اور قائد تحریک الطاف حسین کے فکر و فلسفہ پر اور ان کی قیادت پر اپنے اعتماد کا اظہار کیا کیمپوں پر موجود کارکنان میں خاصہ جوش خروش تھا اور وہ نعرے بھی لگا رہے تھے جبکہ کیمپ کے اطراف میں رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں بینرز اور وال پوسٹر بھی آویزاں کئے گئے ہیں اور قائد تحریک الطاف حسین کی تصاویر اور ایم کیو ایم کے پرچم بھی لگے ہوئے ہیں رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں کیمپ پر متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف جوائنٹ زونل انچارج نوید شمسی و اراکین زونل کمیٹی موجود تھی۔ اس موقع پر زونل انچارج محمد شریف نے ایم کیو ایم میں شمولیت کرنے والوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے اس ملک کی مظلوم عوام کو ایک پرچم تلے متحد کر دیا ہے اور اب وہ دن دور نہیں جب اس ملک پر قابض مراعات یافتہ طبقے کا خاتمہ ہوگا اور مظلوم کی حکمرانی قائم ہوگی بعد ازاں انہوں نے ایم کیو ایم میں شمولیت کرنے والے نوجوانوں، بزرگوں کے فارم پر کر کے انہیں رکنیت کی سلپ جاری کی رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں حیدرآباد میں کارکنان و حق پرست عوام میں زبردست گہما گہمی نظر آ رہی ہے۔

## دنیا بھر میں چلنے والی تحریکوں میں خواتین نے کلیدی کردار ادا کیا ہے، ڈاکٹر فوزیہ
## 19 فروری کو کراچی میں ہونے والے ایم کیو ایم کی جانب سے خواتین کنونشن حق پرستی کی جدوجہد میں خواتین کو راہنمائی فراہم کرے گا
## سیکٹر ڈی کے زیر اہتمام ہونے والے خواتین کے اجلاس سے اظہارِ خیال

حیدرآباد۔۔۔09 فروری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد شعبہ خواتین کی انچارج ڈاکٹر فوزیہ نے کہا ہے کہ معاشرے کی تعمیر و ترقی میں خواتین کا کردار ہمیشہ سے اہمیت کا حامل رہا ہے اور 19 فروری کو کراچی میں ہونے والے ایم کیو ایم کی جانب سے خواتین کنونشن حق پرستی کی جدوجہد میں خواتین کو رہنمائی فراہم کرے گا۔ ان خیالات کا اظہار ر متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون سیکٹر ڈی کے زیر اہتمام ہونے والے خواتین کے اجلاس کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک بھر کے مظلوم عوام کے حقوق کی بحالی کیلئے جدوجہد کر رہی ہے اور قائد تحریک الطاف حسین کی قیادت میں ہی ہماری کامیابی مضمر ہے انہوں نے کہا کہ اب وہ دن دور نہیں کہ جب ملک کی مظلوم عوام قائد تحریک الطاف حسین کی قیادت میں ملک کو ظلم و جبر کے نظام سے نجات دلانے میں کامیاب ہوں گے انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں چلنے والی تحریکوں میں خواتین نے کلیدی کردار ادا کیا ہے اور آج متحدہ قومی موومنٹ کے پلیٹ فارم سے جاری حق و صداقت کی اس جدوجہد میں خواتین نے ایک اہم کردار ادا کرنے کا جو عزم کیا ہے وہ قابل ستائش و قابل تقلید ہے اور آج ملک بھر کی مظلوم عوام قائد تحریک الطاف حسین کی قیادت میں اپنے جائز کے حقوق حاصل کرنے کی جدوجہد مصروف عمل ہیں اور عظیم جدوجہد میں خواتین مردوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہیں۔

## ایم کیو ایم حیدرآباد زون کا اظہارِ تعزیت

حیدرآباد۔۔۔09 فروری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف و اراکین زونل کمیٹی نے ممتاز عالم دین الحاج رمضان چشتی المعروف ملنگ بابا اور سیکٹر ایف یونٹ 12/A کے کارکن رستم اور سیکٹر ڈی کے سابق سیکٹر ممبر محمد منظور ماموں کے والد اور سیکٹر اے یونٹ 1/A کے یونٹ کمیٹی ممبر محمد برکت کی بھابھی کے انتقال پر اپنے گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے (آمین)

## ملک بھر کے نوجوان اور پڑھے لکھے افراد کو فرسودہ سیاسی سے چھٹکارہ حاصل کرنے کے لئے میدان عمل میں آکر جدوجہد کرنا ہوگی، سید محمد علی شاہ
## ایم کیوایم ٹنڈوالہ یار زون کے تحت رکنیت سازی مہم کے موقع پر میڈیا سے گفتگو

ٹنڈوالہ یار:09فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ملک بھر کی طرح ٹنڈوالہ یار میں بھی ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم کا آغاز ہوگیا۔اس سلسلے میں مین بس اسٹاپ کے سامنے لگائے گئے مرکزی کیمپ میں ایم کیوایم ٹنڈوالہ یار زون کے زونل انچارج سید محمد علی شاہ، جوائنٹ زونل انچارج شاہد عالم قائم خانی، اراکین زونل کمیٹی ثاقب احمد خانزادہ، بابواحمد راجپوت، مقبول حسین اوٹھو، ارسلان خانزادہ، راشد علی اور دیگر ذمہ داران نے ایم کیوایم میں شامل ہونے والے افراد کے رکنیت فارم پر کئے۔اس موقع پر عوام میں رکنیت سازی کے حوالے سے کافی جوش وخروش پایا گیا ورمختلف شعبہء زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے لمبی قطاروں میں انتظار کر کے رکنیت سازی کے عمل میں بھرپور حصہ لیا۔رکنیت سازی مہم میں خواتین، عمر رسیدہ افراد، نوجوانوں کے علاوہ اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والے افراد کی ایک بڑی تعداد بھی موجود تھی۔اس موقع پر کارکنان نے پرجوش انداز میں فلک شگاف نعرے لگا کر اورایم کیوایم کے ترانوں پر والہانہ انداز میں رقص کر کے اپنے جذبات کا بھرپور اظہار کیا۔واضح رہے کہ ایم کیوایم کے زیر اہتمام ملک بھر کی طرح ٹنڈوالہ یار میں بھی رکنیت سازی کا سلسلہ رواں ہفتے جاری رہے گا وراوراس سلسلے میں ضلع کے مختلف مقامات پر رکنیت سازی کے لیے کیمپ لگائے جائیں گے۔رکنیت سازی کیمپ کا دورہ کرنے والے غریب اور پسے ہوئے ستم زدہ عوام نے رکنیت سازی مہم کو اٹھانوے فیصد عوام کے منظم انقلاب کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔قبل ازیں زونل انچارج سید محمد علی شاہ نے میڈیا کے نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملک بھر کے نوجوان اور پڑھے لکھے افراد کو فرسودہ سیاسی سے چھٹکارہ حاصل کرنے کے لئے میدان عمل میں آکر جدوجہد کرنا ہوگی۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین ملک بھر کے باصلاحیت اور محبّ وطن شہریوں کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کر کے فرسودہ سیاسی نظام کے خلاف فیصلہ کن جدوجہد کا آغاز کرنا چاہتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ رکنیت سازی مہم میں ہر طبقہء فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کی بھرپور شرکت اس حقیقت کی غمازی کرتی ہے کہ ملک بھر کی مظلوم عوام نے ظالمانہ نظام کی زنجیروں سے آزادی حاصل کرنے کا تہیہ کرلیا ہے اور بہت جلد ملک میں انصاف اور امن وآشتی کے ایک نئے دور کا آغاز ہوگا۔

## صوبہ سندھ میں وڈیروں جاگیرداروں نے وسائل پر غاصبانہ قبضہ کررکھا ہے، آصف علی سومرو
## قمبر شہدادکوٹ میں ممبر سازی مہم کے سلسلے میں کیمپ میں زونل انچارج قمبر شہدادکوٹ کی گفتگو

قمبر شہدادکوٹ۔۔۔۔۔9فروری، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے قمبر یونٹ شہداء چوک پر ممبر سازی مہم کے سلسلے میں ایک کیمپ لگایا گیا جہاں عوام کی بڑی تعداد نے ممبر سازی کے فارم جمع کراتے ہوئے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کی، اس موقع پر زونل انچارج قمبر شہدادکوٹ آصف علی سومرو نے قمبر یونٹ میں شمولیت اختیار کرنے والے اور دیگر سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صوبہ سندھ قدرتی معدنیات سے مالا مال ہے اسکے باوجود صوبہ سندھ کے نوجوان بیروزگاری کی چکی میں پس رہے ہیں۔صوبہ سندھ پاکستان کو 70% سے زائد حصہ دیتا ہے مگر افسوس اسکے باوجود بیروزگاری، بھوک اور بدحالی کے سندھ کے باسیوں کو کچھ نہیں ملتا۔سندھ سے تعلق رکھنے والے وڈیروں، جاگیرداروں نے صوبہ کے وسائل پر غاصبانہ قبضہ کررکھا ہے اور یہ استحصالی ٹولہ نہیں چاہتا کہ سندھ کے نوجوان پڑھ لکھ کر وڈیروں اور جاگیرداروں کی برابری کرسکیں، کیونکہ اگر غریب مظلوم عوام سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں میں شعور بیدار ہوگیا تو غلامی کون کرے گا، اسی غرض سے 2% استحصالی طبقے نے اسکولوں اور دیگر تعلیمی اداروں کو تعلیم فراہم کرنے والے مراکز کے بجائے اپنی بیٹھک کی غرض سے اوطاقیں اور گودام بنا رکھا ہے، غریب ومتوسط طبقے کے غریب عوام کو اپنی اولاد کو باہر پڑھنے کی طاقت اور وسائل میسر نہیں جسکی بنا پر غریب کا بچہ ان پڑھ اور جاہل بن کر استحصالی طبقے کی غلامی کرنے پر مجبور رہتا ہے اور جاگیردار اور وڈیرے اپنے بچوں کو بہترین اعلیٰ تعلیم دلوانے کی غرض سے نا صرف شہروں میں بلکہ بیرون ملک بھیجتے ہیں جو اعلیٰ تعلیم حاصل کرکے ڈاکٹر، انجینئر اور دوسرے اعلیٰ ترین عہدے حاصل کرکے غریبوں پر آقاؤں کی طرح حکومت کرتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ اگر آپ عوام بھی اپنے بچوں کے بہتر آج اور بہترین کل کے لیے تمنا رکھتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ آپ کے بچے بھی اعلیٰ تعلیم حاصل کرسکیں، معاشرے میں اپنا بہتر کردار ادا کرسکیں تو ایم کیوایم کی اس ممبر سازی مہم میں شامل ہوکر اپنا مثبت کردار ادا کریں۔اس موقع پر ممتاز شاہد، زونل کمیٹی سے امتیاز لاکھو، عبداللہ مغیری، یونٹ انچارج طارق جاگیرانی، طارق ٹوٹانی موجود تھے۔

## ایم کیوایم میں نہ تو موروثی سیاست ہے اور نہ وہ کسی ایک مخصوص خاندان سے جانی پہچانی جاتی ہے ایم کیوایم نے امراء طبقہ کے بڑے ناموں کو نہیں بلکہ غریب ومتوسط طبقہ کے صاف ستھرے، ایماندار اور اہل افراد کو ایوانوں میں بھجا ہے، ملک وسیم

## قائد تحریک جناب الطاف حسین کی بصیرت افروز قیادت، حق پرست شہداء کی لازوال قربانیوں اور پرعزم وفادار کارکنان کی انتھک جدوجہد، ثابت قدمی و مستقل مزاجی کے نتیجے میں آج ایم کیوایم نہ صرف سندھ بلکہ پنجاب بھر میں پھیل چکی ہے، ارشاد الحق

میر پور خاص۔۔۔۔9فروری، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت کے مطابق ایم کیوایم لاہور ڈسٹرکٹ کمیٹی نے وحدت روڈ لاہور پر رکنیت سازی کا کیمپ لگا کر مہم کا باقائدہ آغاز کر دیا ہے، اور کل سے لاہور کے 10 ٹاؤنز میں بھی ایم کیوایم کے رکنیت سازی کیمپس کا آغاز کر دیا جائے گا اس موقع پر عوام کی بڑی تعداد نے ایم کیوایم میں رکنیت کے فارمز بھرے، کیمپ کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تصاویر اور ایم کیوایم کے جھنڈوں سے سجایا گیا تھا اور کیمپ پر انقلابی ترنے بھی چلائے گئے جس پر ایم کیوایم کے کارکنان بھنگڑے ڈالتے رہے اس موقع پر لاہور ڈسٹرکٹ کے انچارج ارشاد الحق نے اپنے بیان میں کہا کہ غریب ومتوسط طبقے سے جنم لینے والی جماعت ایم کیوایم کو ختم کرنے کیلئے ماضی میں اس کے خلاف ظلم وستم کا ہر حربہ اختیار کیا گیا اور ملک بھر کے محروم ومحکوم عوام کو ایم کیوایم سے دور رکھنے کیلئے طرح طرح کی سازشیں کی گئیں اور طرح طرح کے منفی پروپیگنڈے کئے گئے لیکن استحصالی قوتوں کے ان تمام تر ظالمانہ ہتھکنڈوں کے باوجود اللہ تعالی کے فضل وکرم، قائد تحریک جناب الطاف حسین کی بصیرت افروز قیادت، حق پرست شہداء کی لازوال قربانیوں اور پرعزم ووفادار کارکنان کی انتھک جدوجہد، ثابت قدمی اور مستقل مزاجی کے نتیجے میں آج ایم کیوایم نہ صرف سندھ بلکہ پنجاب بھر میں پھیل چکی ہے ایم کیوایم کا پیغام آج صوبہ پنجاب، بلوچستان، خیبر پختونخواہ، گلگت بلتستان، شمالی علاقہ جات اور آزاد کشمیر کے دور دراز علاقوں میں بھی پھیل رہا ہے اور ملک کے چپہ چپہ کے غریب، مظلوم اور محروم عوام آج قائد تحریک جناب الطاف حسین کی پرعزم، ولولہ انگیز اور بصیرت افروز قیادت میں ایم کیوایم کے پلیٹ فارم پر متحد ہو رہے ہیں، ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم لاہور زون کے انچارج ملک وسیم نے رکنیت سازی کیمپ کا دورہ کرتے ہوئے کیا، انہوں نے مزید کہا کہ عوام دیگر جماعتوں کو آزمانے کے بعد اس حقیقت کو اچھی طرح سمجھ گئے ہیں کہ متحدہ قومی موومنٹ ہی ملک کی واحد جماعت ہے کہ جو جاگیرداروں، وڈیروں، سرداروں اور بڑے بڑے سرمایہ داروں کے ساتھ نہیں بلکہ غریب متوسط طبقہ کے ساتھ ہے، ایم کیا ایم میں نہ تو موروثی سیاست ہے اور نہ وہ کسی ایک مخصوص خاندان سے جانی پہچانی جاتی ہے ایم کیوایم نے امراء طبقہ کے بڑے ناموں کو نہیں بلکہ غریب ومتوسط طبقے کے صاف ستھرے، ایماندار اور اہل افراد کو ایوانوں میں بھیجا ہے، یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم کی مقبولیت میں آئے روز اضافہ ہی ہو رہا ہے اور ملک کی مختلف سیاسی وسماجی، ادبی اور دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی صاف ستھری شخصیات قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ سے متاثر ہر کر ایم کیوایم میں شامل ہو رہی ہیں، ان افراد کا دامن کرپشن سے مکمل پاک ہے اور ایسے ہی صاف ستھرے اور اعلی کردار واخلاق کے حامل افراد ملک میں صحیح معنوں میں مثبت تبدیلی نما انقلاب برپا کر سکتے ہیں۔

## میر پور خاص میں ایم کیوایم کی ممبر سازی مہم کا آغاز، لوگوں کا ممبر سازی مہم میں بھرپور حصہ

میر پور خاص۔۔۔۔9فروری، 2012ء

میر پور خاص میں ایم کیوایم کی ممبر سازی مہم آغاز، لوگوں نے بھرپور جوش وخروش سے ممبر سازی مہم میں حصہ لینا شروع کر دیا۔ اس مقصد کیلئے مرکزی کیمپ ڈاک خانہ چوک پر لگایا گیا، ایم کیوایم ذونل آفس پر بھی ایک کاؤنٹر قائم کیا گیا، جبکہ ڈگری، جھڈو اور کوٹ غلام محمد میں بھی ممبر سازی کیلئے کیمپس لگائے گئے اس موقع پر لوگوں کا جذبہ قابل دید رہا اور لوگ سارا دن ہجوم کی صورت میں ایم کیوایم میں شمولیت کی غرض سے ممبر سازی کیمپ کا رخ کرتے نظر آئے اور ایم کیوایم کی ممبر سازی مہم میں بھرپور حصہ لیا، اس موقع پر ذونل انچارج عظیم دانش واراکین ذونل کمیٹی اور حق پرست ممبر صوبائی اسمبلی فہیم احمد الطافی دن بھر لوگوں کو ممبر سازی فارم بھرنے کے سلسلے میں مدد کرتے نظر آئے، اس موقع پر ذونل انچارج عظیم دانش اور حق پرست صوبائی رکن اسمبلی فہیم احمد الطافی نے شہریوں کے جذبہ حق پرستی کو سراہا اور انہیں زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## میرپورخاص زون کے انچارج اورحق پرست رکن سندھ اسمبلی کی کارکنان سے اظہارتعزیت

میرپورخاص۔۔۔۔۔9فروری، 2012ء

ایم کیوایم میرپورخاص زون کے انچارج عظیم دانش،حق پرست ممبر رکن صوبائی اسمبلی فہیم احمد الطافی اوراراکین زونل کمیٹی نے لیبرڈویژن میرپورخاص یونٹ GPO ورکنگ کمیٹی کے رکن کامران بھائی کے چھوٹے بھائی اور GPO کے کارکن اسرار کی والدہ، بلدیہ ورکنگ کمیٹی کے رکن عارف تغلق بھائی کے چچااور لیاقت علی کے تایا کے انتقال پر گہرے دکھ اور دلی رنج وغم کا اظہار کیا۔انہوں نے اپنے تعزیتی بیان میں کہا کہ اللہ تعالی مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلی مقام اورسوگوارلواحقین کوصبرجمیل عطافرمائے(آمین)

☆☆☆☆☆